# 01-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے سکندرآباد لوک سبھا حلقہ کے مختلف بستیوں میں درپیش مسائل کی مستقل یکسوئی کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔

۲۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا تلنگانہ رائزنگ ویژن 2047ء کے مقصد کے حصول کی سمت جاریہ سال ریاستی حکومت کی توجہ مرکوز رہے گی۔

۳۔ ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا تلنگانہ میں سڑک حادثات کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات کئے جارہے ہیں۔

اور

۴۔ ریاستی وزیر دامودھر راج نرسمہا نے بتایا کہ جاریہ سال چار سوپر اسپیشالٹی ہاسپٹلس دستیاب رہیں گے۔

Basti Problems

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج سکندرآباد لوک سبھا حلقہ کے مختلف بستیوں کے عوام سے ان کے مسائل دریافت کئے۔ انہوں نے حیدرآباد کے مختلف محکموں کے عہدیداروں کے ساتھ مل کر بستی کے عوام سے ملاقات کی۔ مرکزی وزیر نے عہدیداروں کو اِن مسائل کی فوری طور پر مستقل یکسوئی کی ہدایت دی۔ کشن ریڈی نے گاندھی نگر میں نئے کمیونٹی ہال کی تعمیر کا تیقن دیا۔ اونتی نگر میں اسٹریٹ لائٹس کے مسئلہ کی فوری یکسوئی کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔

Sound Byte

قبل ازیں مقامی افراد نے مرکزی وزیر کے علم میں ڈرین لیکیج، پانی کی نکاسی اور دیگر مسائل سے واقف کروایا۔

Vivek

ریاستی وزیر ووِیک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ آئی آئی ٹی اور اے آئی ٹی آئیز کی ترقی عوامی حکمرانی کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔ انہوں نے ضلع یادادری بھونگیر میں اڈاگوڈور میں واقع آئی ٹی آئی، اے آئی ٹی آئی کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔ اِس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ پروگرام کے حصہ کے طور پر صنعتوں میں نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کئے جارہے ہیں۔ اِس وقت موجود 65 آئی ٹی آئیز کو عصری بنانے کے ساتھ ساتھ نئے مراکز کا قیام کرتے ہوئے جملہ 115 آئی ٹی آئی، ٹی اے آئی ٹی آئی مراکز کو ترقی دی جائے گی۔

Revanth

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ تلنگانہ رائزنگ ویژن 2047ء کے مقصد کے حصول کی سمت جاریہ سال ریاستی حکومت کی جانب سے مزید پہل کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کے ساتھ خواتین، ورکرس اور تمام طبقات کے عوام کے توقعات کو پورا کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ نئے سال میں ہر خاندان کو اس کی توقع کے مطابق مقاصد حاصل ہوں۔

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ نئے سال میں چار نئے ملٹی سوپر اسپیشالٹی ہاسپٹلس عوام کے لئے دستیاب کروائے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قلب اور گردہ سے متعلق امراض کے ساتھ ساتھ کینسر جیسے مرض کا علاج غریبوں کو ایک پیسہ خرچ کئے بغیر ہاسپٹل میں خرچ کیا جائے گا۔ سال نو کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے محکمہ صحت کو مزید مستحکم کرنے سے متعلق ایک بیان جاری کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سڑک حادثات میں زخمی ہونے والوں کی فوری طبی خدمات کیلئے جاریہ سال سو سے زائد کریٹیکل کیر بلاک، ٹراما کیر سنٹرس قائم کئے جائیں گے۔

Governor Open House

انگریزی سال نو کے موقع پر بعض اہم شخصیات نے لوک بھون میں ریاستی گورنر جشنو دیو ورما سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی۔ اِس موقع پر منعقدہ اوپن ہاؤس پروگرام میں گورنر نے بعض شہری تنظیموں ، اداروں اور شخصیات سے مبارکباد وصول کی۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی، بعض وزرائ، اعلیٰ عہدیداروں کے علاوہ دیگر اہم شخصیات نے گورنر سے ملاقات کی۔

Ponnam prabhakar

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاست میں سڑک حادثات پر قابو پانے کیلئے بلاک اسپاٹس کے پاس ضروری سیکورٹی انتظامات کئے جائیں گے۔انہوں نے آج سے شروع کردہ نیشنل روڈ سیفٹی ماہ کے موقع پر حیدرآباد میں منعقدہ خصوصی تقریب میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ جاریہ ماہ کے اواخر تک خصوصی حکمتِ عملی کو قطعیت دی جائے گی۔ یونیسف کی تجویز کے مطابق اسکولس میں ٹرافک اویرنیس پارک قائم کئے جائیں گے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ طلبہ میں ٹرافک سے متعلق شعور بیداری کیلئے اقدامات کریں۔

Sound Byte

بعدازاں انہوں نے حیدرآباد کے آرٹی سی کلا بھون میں منعقدہ سڑک سرکشا جیون رکشا تقریب میں 30 سال سے زائد ڈرائیونگ کرنے والے ایک بھی حادثہ کرنے والے 18 ڈرائیورس کو اعزاز سے نوازا۔

Mallu Bhatti Vikramarka

حیدرآباد کے راجندرنگر میں واقع پروفیسر جئے شنکر تلنگانہ زرعی یونیورسٹی کی ترقی کیلئے خصوصی فنڈس منظور کرنے کی رکن پارلیمنٹ ملوروی نے مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن سے خواہش کی۔ انہوں نے کل دہلی میں مرکزی وزیر سے ملاقات کرتے ہوئے چیف منسٹر ریونت ریڈی کی جانب سے تحریر کردہ مکتوب ان کے حوالہ کیا۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی میں ہر سال طلبہ کی تعداد میں اضافہ کے پیش نظر لڑکیوں کیلئے ہاسٹل کی تعمیر کرنے فنڈس فراہم کئے جائیں۔

Konda Surekha

ریاستی وزیر کونڈا سریکھا نے کہا ہے کہ جاریہ سال ورنگل میں انڈر گراونڈ ڈرینج کے کاموں کا چیف منسٹر ریونت ریڈی کے ہاتھوں آغاز عمل میں آئے گا۔انہوں نے سال نو کے پیغام میں کہا کہ شہر میں سیلاب کے مسئلہ اور گندے پانی کے مسئلہ کی مستقل یکسوئی کی جائے گی۔ ریاستی وزیر نے یہ بھی بتایا کہ حیدرآباد کے بعد ورنگل کو ترقی دینے کے لئے تمام تر اقدامات کئے جارہے ہیں۔

Sridhar Babu

ریاستی وزیر آئی ٹی وصنعت ڈی سریدھر بابو نے کہا کہ میدک ضلع کے کونڈا پور میں واقع انڈسٹرئیل پارک میں ایک ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے تعمیر کردہ صنعتیں افتتاح کیلئے تیار ہیں۔سکریٹریٹ میں ریاستی وزیر سے کونڈا پور صنعتکاروں کی تنظیم کے وفد نے کل ملاقات کی۔ بتایا گیا ہے کہ وہاں جملہ 64 صنعتیں قائم کی جارہی ہیں جن میں 36 کی تعمیر مکمل ہوگئی ہیں اور وہ اپنی سرگرمیاں شروع کرنے کے لئے تیار ہیں۔ان کے آغاز سے پانچ ہزار افراد کو فوری ملازمت کے مواقع فراہم ہوں گے۔ یہ بات ریاستی وزیر نے بتائی۔

Uttam

ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ کولاورم پروجیکٹ کی توسیع کے ذریعہ دریائے گوداوری کے پانی کو منتقل کرنے آندھرا پردیش حکومت کی جانب سے شروع کردہ پروجیکٹس کو روکنے اور تلنگانہ کے مفادات کے تحفظ کیلئے انتظامی اور قانونی کارروائیاں کی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ دریائے گوداوری میں تلنگانہ کو مختص کردہ 968 ٹی ایم سی حصہ، مستقبل میں پروجیکٹ کے معاملہ میں کئے جانے والے اقدامات سے متعلق حکومت کی شفافیت کی یہ مثال ہے۔

Thummala Nageswara Rao

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ ریاست میں کہیں بھی یوریا کی قلت نہیں ہے۔ کسانوں کو درکار مقدار میں اِس کی سربراہی کی جارہی ہے۔ انہوں نے سکریٹریٹ میں یوریا کی تقسیم پر کل ایک جائزہ اجلاس طلب کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت ریاست میں تقریباً 2 لاکھ ٹن یوریا کا ذخیرہ موجود ہے۔ تاحال کسانوں کو چار لاکھ ٹن یوریا سربراہ کیا گیا ہے۔ اسی طرح موبائل ایپ کے ذریعہ تین لاکھ سے زائد یوریا کے تھیلے ایک لاکھ کسانوں نے خریدے ہیں۔

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی مملکتی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ بنگال، ٹاملناڈو انتخابات کے بعد بی جے پی قیادت تلنگانہ پر توجہ مرکوز کرے گی۔ انہوں نے کل کریم نگر میں میونسپل الیکشن سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اِس یقین کا اظہار کیا کہ اِس مرتبہ تلنگانہ میں بی جے پی کا اقتدار پر آنا یقینی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تلنگانہ میں بی جے پی کی کامیابی کے ساتھ کانگریس مکت بھارت کے ہدف کو پورا کیا جائیگا۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر و سرسلہ کے رکن اسمبلی تارک راما راؤ نے حکومت سے ورک ٹو اونر اسکیم کم از کم اب شروع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے راجنا سرسلہ ضلع مستقر میں تعمیر کردہ ورک ٹو اونر اسکیم کے شیڈس کا انہوں نے معائنہ کیا۔ اس موقع پر کے ٹی آر نے خطاب کیا۔

Sound Byte.

Weather

ریاست میں سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ صبح کے وقت میں کہر چھائی دیکھی جارہی ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ گاڑی سواروں کو ہیڈ لائٹس روشن کرنا پڑ رہا ہے۔ ضلع نلگنڈہ میں نیشنل ہائی وے پر گاڑیوں کی آمد و درفت میں مشکلات ہورہی ہیں۔ آصف آباد ضلع میں گزشتہ 20 دنوں سے ریاست کا سب سے اقل ترین درجہ حرارت ریکارڈ کیا جارہا ہے۔

## President New Year

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ ہند سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے علاوہ دیگر شخصیات نے ملک کے عوام کو نئے سال کی مبارکباد دی ہے۔ صدر جمہوریہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ نیا سال، نئی توانائی اور مثبت تبدیلی کی علامت ہے اور خود احتسابی اور نئے عہد کا موقع فراہم کرتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے ملک کے سبھی شہریوں پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ملک کی ترقی، سماجی ہم آہنگی اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے اپنے عزم کو مضبوط کریں۔ نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے امید ظاہر کی ہے کہ یہ سال سبھی کیلئے امن، اچھی صحت، خوشی اور خوشحالی لائے گا اور ایک مضبوط اور ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر میں شہریوں کے اجتماعی عزم کو مضبوطی فراہم کرے گا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئے سال کے موقع پر سبھی سے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ آنے والا سال اچھی صحت اور خوشحالی لائے، آپ کی کوششوں میں کامیابی ملے۔

## Khelo Secunderabad

مرکزی وزیر کانکنی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ کھیلوں سکندرآباد، جیتو سکندرآباد کھیل مقابلوں کا اِس مہینہ کی 18 تاریخ سے تین فروری تک انعقاد عمل میں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم سنسد کھیلوں مہوتسو کے حصہ کے طور پر یہ مقابلے منعقد ہوں گے۔ 10 جنوری تک کرکٹ، کبڈی، والی بال، کھوکھو، اتھلیٹکس کے میدانوں میں پی ایم سنسد کھیل ویب سائٹ پر مفت رجسٹریشن کی سہولت فراہم ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر یہ بات بتائی۔

## Parking

ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے مطابق سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری کے کاموں کے پیش نظر اسٹیشن کے احاطہ میں گاڑیوں کی پارکنگ کے قواعد میں تبدیلی کی جارہی ہے۔ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اسٹیشن کے باب الداخلہ پلیٹ فارم نمبر ایک کی سمت میں واقع پارکنگ کی سہولت کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے۔

Germany

ضلع جنگاؤں چلپور منڈل کے ملکاپور موضع سے تعلق رکھنے والے ٹی ہروتیک ریڈی کی جرمنی میں موت ہوگئی۔ وہ جس عمارت میں مقیم تھے وہاں کل آگ بھڑک اٹھی۔ آگ سے بچنے کی کوشش میں انہوں نے کھڑکی سے چھلانگ لگادی تھی جس کی وجہ سے وہ شدید زخمی ہوگئے تھے جس کی وجہ سے ان کی موت ہوگئی۔ یہ نوجوان اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے جرمنی گیا ہوا تھا۔ نوجوان کی موت کی اطلاع سے گاؤں میں غم کا ماحول دیکھا جارہا ہے۔ حکام کی جانب سے لاش کو لانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

## Year and Sports

سال 2025 بھارت کے ترقیاتی سفر میں ایک اہم باب کے طور پر ابھرا۔ اس سال پالیسیوں نے عملی شکل اختیار کی اور عزم نے مؤثر نتائج میں ڈھل کر کھیلا۔ یہ سال بھارتی کھیلوں کے لیے ایک سنگِ میل ثابت ہوا۔ نہ صرف بین الاقوامی سطح پر غیر معمولی تمغوں کی فصل حاصل ہوئی بلکہ کھیلوں کے حوالے سے قومی سوچ میں ہونے والی ادارہ جاتی اصلاحات کی واضح کامیابی بھی سامنے آئی۔ مالی سال 2025-26 میں حکومتِ ہند نے وزارتِ امورِ نوجوانان و کھیل کے لیے ریکارڈ سطح پر تین ہزار پانچ سو کروڑ روپے سے زائد فنڈز مختص کیے۔ یہ اقدام کھیلوں کو نوجوانوں کی بااختیاری اور قومی امنگوں کی بنیاد بنانے کے حکومتی عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ سال 2025 میں مرکزی کابینہ نے قومی کھیل پالیسی (این ایس پی) 2025 کی منظوری دی، جس کا مقصد بھارت کو عالمی اسپورٹس پاور میں تبدیل کرنے کے لیے ایک جرات مندانہ لائحہ عمل پیش کرنا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ آج کھیلوں میں مواقع لامحدود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے تحت ایک ایسا ماحولیاتی نظام تشکیل دیا گیا ہے جس میں غریب خاندان سے تعلق رکھنے والا بچہ بھی اپنی صلاحیت کے بل بوتے پر کم عمری میں کھیلوں کی بلندیوں تک پہنچ سکتا ہے۔

Sound Byte

سال 2025 میں مختلف شعبوں اور زمروں میں کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی نے کھیلوں کے میدان میں ریکارڈ ساز کامیابیوں کی مثالیں قائم کیں۔ اسکوائش ورلڈ کپ کا خطاب جیت کر بھارت نے تاریخ رقم کی۔ کرکٹ میں بھارتی خواتین ٹیم نے آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ جبکہ بھارتی مردوں کی ٹیم نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 اپنے نام کی۔ بھارتی خواتین انڈر کرکٹ ٹیم نے اپنا پہلا ٹی - 20 ورلڈ کپ جیتا۔

نومبر میں بھارت نے 2025 ورلڈ باکسنگ کپ فائنلز میں نو طلائی تمغوں کی شاندار کارکردگی کے ساتھ اپنی پہلی مہم مکمل کی۔ 2025 ایشین یوتھ گیمز میں بھارت نے 48 تمغے جیت کر 45 ممالک میں چھٹا مقام حاصل کیا، جو اس کی اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔ اسی سال بھارتی خواتین کھو کھو ٹیم نے پورے ٹورنامنٹ میں ایک بھی شکست کے بغیر پہلا کھو کھو ورلڈ کپ جیت لیا۔

ملک کی بڑھتی ہوئی ادارہ جاتی اور بنیادی ڈھانچے کی صلاحیتوں کا عکس 2030 کامن ویلتھ گیمز کی میزبانی کے حقوق حاصل کرنے میں نظر آتا ہے، جن کے لیے احمد آباد کو میزبان شہر منتخب کیا گیا ہے۔ سال 2025 میں کھلاڑیوں کے لیے کئی نئے پروگراموں کا آغاز کیا گیا، جو کھیلوں کی مہارت کو فروغ دینے اور آنے والی نسلوں کو ترغیب دینے کے لیے ملک کے عزم کی نمائندگی کرتے ہیں۔